## واقعہ کربلا حق وسچ کی راہ میں ڈٹ جانے اور بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے،الطاف حسین ، یوم عاشور کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔7،جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا حق و سچ کی راہ میں ڈٹ جانے اور بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے۔یوم عاشور کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نواسہ رسولﷺ حضرت امام حسینؓ، اہل بیتؓ اوران کے رفقاء نے اسلام کی سربلندی اورحق و سچ کی راہ میں اپنی جانوں سمیت سب کچھ قربان کرنا گوارا کرلیا لیکن ظالم وجابر قوتوں کے آگے سرتسلیم خم نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ واقعہ کربلا صبر ورضا، ایثار وقربانی،عزم وہمت اور استقامت کی ایسی لازوال مثال ہے جورہتی دنیا تک حق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ میدان کربلا میں نواسہ رسولؐ،اہل بیتؓ اوران کے رفقاء نے یزیدی مظالم کے سامنے سینہ سپر ہوکر دین اسلام کی ایسی شمع روشن کی جس کی کرنیں آج بھی دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سیدالشہداءحضرت امام حسینؓ، اہل بیتؓ اوران کے رفقاء نے دین اسلام کی سربلندی جولازوال قربانیاں پیش کی ہیں وہ دنیا کی تاریخ میں ناقابل فراموش ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیدالشہداءحضرت امام حسینؓ اوراہل بیتؓ سے سچی محبت وعقیدت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اورزریں اصولوں کی پیروی کی جائے اورحق وسچ کی راہ میں کسی بھی قسم کی قربانی دینے سے گریز نہ کیا جائے ۔جناب الطاف حسین نے یوم عاشور کے موقع پرتمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اورعوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے درمیان اتحاد واتفاق، بھائی چارے اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا کو برقراررکھیں اورفرقہ واریت پھیلانے والے سازشی عناصر پرکڑی نظر رکھیں۔

## 9 محرم کے موقع پرایم کیوایم کی جانب سے کراچی کے مختلف علاقوں میں ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پرطبی امدادی کیمپ اور پانی کی سبیلیں قائم کی گئیں۔لنگر تقسیم کیا گیازخمی عزاداران حسینؑ کوطبی کیمپوں پرفوری طبی امداد بھی فراہم کی گئی

کراچی۔۔۔6 جنوری2009ء۔۔۔محرم الحرام کے سلسلے میں 9 محرم کے موقع پرمتحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پرطبی امدادی کیمپ اور پانی کی سبیلیں قائم کی گئیں جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،مختلف سیکٹر کے ذمہ داروکارکنان، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظم ونائب ناظم اورکونسلرز نے 9 محرم الحرام کوشہر کے علاقوں سے مختلف اوقات میں نکلنے والے ماتمی جلوسوں میں بھرپورشرکت کی اورعزاداران سے یکجہتی کا اظہار کیا۔محرم الحرام کے سلسلے کا مرکزی کیمپ نشتر پارک پر قائم کیا گیا اس کے علاوہ فیڈرل بی ایریا، لیاقت آباد، انچولی، گلبہار، رضویہ سوسائٹی، کورنگی، ملیر، شاہ فیصل کالونی، اورنگی ٹاؤن اوردیگر علاقوں میں بھی مختلف استقبالیہ کیمپ قائم کئے گئے جبکہ عزاداروں کوطبی امدادفراہم کرنے کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بھی کئی طبی امدادی کیمپ قائم کئے گئے۔فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقراررکھنے کے سلسلے میں ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ویوسی ناظمین اورسیکٹروں کے ذمہ داروں نے شہر کے مختلف علاقوں سے نکلنے والے عزاداری اورتعزیے کے جلوسوں میں شرکت کی۔کورنگی سے نکالے جانے والے ماتمی جلوس میں ایم پی اے خالدعمر، عامرمعین پرزادہ،علیم الرحمان، ٹاؤن ناظم کورنگی عارف خان وٹاؤن ناظم لانڈھی ڈاکٹر ارشاد، ملیر سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے ساجداحمد، ٹاؤن ناظم شرافت بیگ، اسکیم 33 سادات امروہہ سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے حیدرعباس رضوی، شاہ فیصل سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے ایم پی اے نشاط ضیاء، خالدمقبول اورٹاؤن ناظم ارتضٰی فاروقی،گلشن اقبال سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے حیدرعباس رضوی، ایم پی اے مزمل قریشی، ناظم واسع جلیل، قصبہ علی گڑھ سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ، اقبال قادری، ایم پی اے مظاہرامیر، رضاحیدر، منظرامام، اورنگی اورسائٹ کے ٹاؤن ناظمین عبدالحق، اظہاراحمدخان، بی آئی بی کالونی اورلائنز ایریا سے نکلنے والے جلوس میں صوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمد، ایم این اے عبدالرشیدگوڈیل، لیاقت آباد سے نکلنے والے جلوس میں ایم پی اے انورعالم، باب فاطمہ نشتر پارک سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے سفیان یوسف، ایم پی اے انورعالم، فیڈرل بی ایریا سے نکلنے والے جلوس میں صوبائی وزیرخالدبن ولایت ایڈوکیٹ، ایم این اے شیخ صلاح الدین، سفیان یوسف، ایم پی اے امام الدین شہزاد، انورعالم، ٹاؤن ناظم کمال ملک، اورنگی ٹاؤن سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ، اقبال قادری، ایم پی اے منظرامام، رضاحیدر، مظاہرامیر، نیوکراچی سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے عبدالوسیم، ٹاؤن ناظم اخترحسین، نارتھ کراچی سے نکلنے والے ماتمی جلوس میں ایم این اے عبدالوسیم، ایم پی اے معین خان، خواجہ اظہارالحسن، ٹاؤن ناظم اخترحسین، نارتھ ناظم آباد سے نکلنے والے جلوس میں ایم این اے شیخ صلاح الدین، فرحت خان، ٹاؤن ناظم ممتازحمید، ناظم آباد وگلبہار سے نکلنے والے جلوس میں ایم پی اے ریحان ظفر، ندیم احسان، سوسائٹی سے نکلنے والے جلوس میں صوبائی وزیررضاہارون، ایم این اے رشیدگوڈیل، وسیم اختر،محمودآباد سے نکلنے والے جلوس میں صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی، ایم این اے وسیم اختر، ٹاؤن ناظم جاویداحمد اوربرنس روڈ سے نکلنے والے جلوس میں ایم پی اے مقیم عالم، ٹاؤن ناظم محمددلاورجبکہ رنچھوڑ لائن سے نکلنے والے جلوس میں ایم پی اے شعیب ابراہیم، طاہرقریشی اورٹاؤن ناظم محمددلاورنے شرکت کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے 9 محرم اور یوم عاشور کے موقع پر نکلنے والے مرکزی ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر طبی واستقبالیہ کیمپس لگائے جائیں گے

## رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندے اور امن کمیٹیوں کے ارکان ماتمی جلوسوں میں شرکت کریں گے

کراچی۔۔۔7، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے 9 محرم اور یوم عاشور کے موقع پر شہر کے مختلف علاقوں سے نکلنے والے مرکزی ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر طبی واستقبالیہ کیمپس لگائے گئے جائیں جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندے اور امن کمیٹیوں کے ارکان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے شہر کے مختلف علاقوں سے نکلنے والے ماتمی جلوسوں میں شرکت کریں گے۔ دریں اثناء 9محرم اور یوم عاشور کے موقع پر ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا جہاں میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان اور پیرامیڈیکل اسٹاف عزاداران حسینؑ کو طبی امداد فراہم کریں گے۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت نائن زیرو عزیز آباد میں سبیل کا انعقاد کیا گیا اور شہدائے کربلا کی یاد میں 7، 8 اور 9 محرم الحرام کو شربت تقسیم کیا گیا۔ یہ سبیل یکم محرم الحرام سے نائن زیرو پر قائم کی گئی تھی۔

☆☆☆☆☆